# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

## Text of Urdu news Bulletin

**Date : 16 August 2026**

**Time : 07:40 / PM**

## Opening

آداب

یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں بلال وانی۔

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

ہیڈلائنز

ا۔۔۔۔ وزیراعظم کا پارلیمنٹ اور ریاستی اسمبلیوں میں خواتین کیلئے **33** فیصد ریزرویشن کے نفاذ کو سیاسی معاملہ نہ بنانے کا تمام سیاسی جماعتوں سے تلقین۔

۲۔۔۔۔ لیفٹننٹ گورنر نے کے پی رضا کار فاؤنڈیشن کے رضا کاروں کی تعداد بڑھانے پر دیا زور۔

۳۔۔۔۔ سابق وزیراعظم اٹل بہاری واجپائی کو ان کی برسی پر شاندار خراج عقیدت ادا۔

اور

۴۔۔۔۔ ناگہانی آفات کے بعد جموں وکشمیر میں بحالیاتی عمل کیلئے مرکز کی طرف سے منظور کردہ ایک ہزار 579 کروڑ روپے کے پیکیج کے تحت کاموں کی تیز تر عمل آوری یقینی بنانے پر چیف سیکرٹری کا زور۔

ریزرویشن

وزیراعظم نریندر مودی نے تمام سیاسی جماعتوں پر زور دیا ہے کہ وہ پارلیمنٹ اور ریاستی اسمبلیوں میں خواتین کیلئے **33** فیصد ریزرویشن کے نفاذ کو سیاسی معاملہ بنائے بغیر اس کی حمایت کریں۔ یوم آزادی کے موقعے پر لال قلعے کی فصیل سے قوم سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ خواتین کو بااختیار بنانے اور اس بات کو یقینی بنانے کیلئے کہ ملک کی خواتین کو قانون ساز اسمبلیوں اور لوک سبھا میں **33** فیصد نمائندگی حاصل ہو، سب کو آگے بڑھ کر کام کرنا چاہیئے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کو بھارت کی پالیسیوں کی تشکیل میں اپنا کردار ادا کرنے کا موقعہ دیا جانا چاہیئے۔

ایل جی

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کے پی رضا کاروں کو کشمیری پنڈت برادری کے نگینے قرار دیتے ہوئے مستقبل میں غربت ،طبی نگہداشت اور تعلیم کے چلینجوں سے نمٹنے کیلئے ان کی تعداد بڑھانے پر زور دیا ہے۔ جموں میں کے پی رضا کار فاؤنڈیشن کے یومِ تاسیس کی تقریب میں شرکت کرکے ایل جی نے تنظیم کے رضا کاروں کو ان کی بے لوث سماجی خدمات کے لیے اعزاز سے نوازا۔ انہوں نے کہا کہ اپریل 2020 میں کووڈ وبا کے دوران ایک تھیلہ چاول سے شروع ہونے والی یہ کوشش آج جموں وکشمیر میں انسانی خدمت کا بہترین پلیٹ فارم بن چکی ہے۔

----V/O----

ایل جی نے بتایا کہ فیملی ایڈاپشن پروگرام کے تحت 164 خاندانوں کو ماہانہ راشن، ادویات اور تعلیمی امداد فراہم کی جارہی ہے، جبکہ وباء کے دوران تقریباً 10 ہزار آن لائن طبی مشاورت اور ساڑھے 6 ہزار سے زیادہ ہنگامی خون کے عطیات کا انتظام کیا گیا۔ منوج سنہا نے تعلیم، صحت، عالمی رضا کار نیٹ ورک اور خواتین کو ہنرمندی اور کاروبار کے ذریعے بااختیار بنانے کو مستقبل کی ترجیحات قرار دیا۔ تقریب میں ذہین طلباء کو بھی اعزاز سے نوازا گیا۔

ایٹ ہوم

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کل شام شیرِ کشمیر انٹرنیشنل کنونشن سینٹر سرینگر میں یوم آزادی کے موقعے پر ایک ’ایٹ ہوم‘ کی میزبانی کی، جس میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا، سابق وزیر اعلیٰ ڈاکٹر فاروق عبداللہ، اسمبلی سپیکر

عبدالرحیم راتھر، وزرا، ارکان پارلیمان ،ارکان اسمبلی، اعلیٰ سول و پولیس افسران اورسول سوسائٹی کے نمائندوں سمیت متعدد شخصیات نے شرکت کی۔وزیر اعلیٰ نےمہمانوں سے ملاقات کی اورانہیں یوم آزادی کی مبارکباد پیش کی۔

واجپائی

قوم آج سابق وزیر اعظم اٹل بہاری واجپائی کو ان کی برسی پر خراج پیش کر رہی ہے۔آنجہانی اٹل بہاری واجپائی نے **2018** میں آج ہی کے دن آخری سانس لی تھی۔صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن اوروزیر اعظم نریندرمودی نے نئی دلی میں ان کی یادگار سدیواٹل پرانہیں گلہائے عقیدت پیش کئے۔اس موقعہ پرلوک سبھا سپیکر اوم برلا اوروزیرداخلہ امت شاہ سمیت متعدد مرکزی وزرااور اہم شخصیات بھی موجود تھیں۔مرکزی وزیر داخلہ نے کہا کہ سابق وزیر اعظم کا عہدہ سنبھالنے سے پہلے انہوں نے طویل عرصہ اپوزیشن میں گذارالیکن انہوں نے کبھی بھی اپنے اصولوں سے کوئی سمجھوتہ نہیں کیا۔

**---Amit Shah---**

امت شاہ نے آج سابق وزیر اعظم اٹل بہاری واجپائی کی برسی کے موقعے پر راجستھان کے چھتورگڈھ میں ان کے مجسمے کی نقاب کشائی اورمختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کاافتتاح کیا۔

خراج

لیفٹننٹ گورنرمنوج سنہانے بھی سابق وزیر اعظم آنجہانی اٹل بہاری واجپائی کو ان کی برسی پرخراج عقیدت پیش کیاہے۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ایل جی نے آنجہانی لیڈرکوایک دوراندیش مدبر،اصلاح پسنداورنامور شاعرقرار دیاہےجنہوں نے اپنی تمام زندگی قوم کی خدمت میں وقف کی۔

BJP

پردیش بی جے پی کی طرف سے بھی آج آنجہانی اٹل بہاری واجپائی کوخراج عقیدت ادا کرنے کی غرض سے پارٹی ہیڈکوارٹر جموں میں ایک تقریب منعقد ہوئی۔پارٹی کے پردیش صدرست شرمااور تنظیمی امور کے جنرل سیکرٹری اشوک کول نے اٹل بہاری واجپائی کی خدمات کو یاد کرتے ہوئے انہیں پھولوں کا خراج ادا کیا۔

جاوید رانا

جل شکتی، جنگلات و ماحولیات اور قبائلی امور کے وزیر جاوید احمد رانا نے کہا ہے کہ عوامی بنیادی ڈھانچوں کی بروقت تکمیل سرکار کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے متعلقہ عمل آور ایجنسیوں کو ہدایت دی کہ وہ زیر عمل پروجیکٹوں کی تکمیل وضع کردہ ضوابط اور مکمل معیار کے ساتھ مقرر کئے گئے وقت کے اندر یقینی بنائیں۔ وزیر موصوف آج پونچھ ضلعے کے بھیرا مینڈھر کے دورے پر تھے جہاں انہوں نے ایک لاویہ ماڈل رہائشی اسکول پر جاری کام کی پیش رفت کا معائنہ کیا۔ انہوں نے 2026-27 کے داخلے کیلئے ہوسٹل کی برقت تکمیل یقینی بنانے کی ہدایت دی۔

NC

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے مرکز سے کہا ہے کہ اگر وہ جموں وکشمیر کے عوام کا بھروسہ حاصل کرنا چاہتا ہے تو اُسے کشمیریوں کو ان کے حقوق واپس کرنے چاہئیں۔ سرینگر میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نیشنل کانفرنس جموں وکشمیر کے آئینی اور جمہوری حقوق کے حصول کیلئے انتہائی پُر عزم ہے اور آئین ہند کے تحت ملے تمام جمہوری اور آئینی حقوق کی بحالی کیلئے یہ جماعت برابر قائم و دائم ہے۔

وقفہ

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔ خبریں اور آکاشوانی کے دیگر پروگرام آپ صرف آکاشوانی کے موبائیل اپلیکیشن News on AIR، WAVES او ٹی ٹی پلیٹ فارم اور پرسار بھارتی کی ویب سائٹ www.prasarbharti.gov.in کے علاوہ DTH پر بھی سماعت کرسکتے ہیں۔ اس کے علاوہ کوئی بھی دوسری ایپ یا ویب سائٹ پرسار بھارتی سے وابستہ یا منظور شدہ نہیں ہے۔

GONG

C.S

چیف سیکرٹری اٹل ڈلو نے جموں وکشمیر میں ناگہانی آفات کے بعد بحالیاتی عمل کیلئے مرکزی وزارت داخلہ کی طرف سے منظور کردہ ایک ہزار 579 کروڑ روپے کے مالی پیکیج کے تحت جاری کاموں کی تیز تر عمل آوری یقینی بنانے پر زور دیا ہے۔سرینگر میں متعلقہ افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران انہوں نے محکموں کو ہدایت دی کہ وہ اس سلسلے میں پروجیکٹ مرتب کریں اور عمل آوری کو یہ بات ذہن میں رکھتے ہوئے تیز کریں کہ ہر ایک تعمیر نو اثاثہ مستقبل کی آفات کیلئے زیادہ مزاحم ہو۔

عید میلاد

ماہ ربیع الاول کے آغاز کے ساتھ ہی عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں ایام متبرکہ کا آغاز ہوگیا ہے۔اس تعلق سے آثار شریف درگاہ حضرت بل اور وادی کے دیگر خانقاہوں،مساجد اور بقعہ جات میں خصوصی دینی مجالس کا اہتمام کیا جارہا ہے۔درگاہ حضرتبل میں تقریبات کا اہتمام عصر تا مغرب جبکہ آثار شریف شہری کلاشپورہ میں یہ مجالس صبح **8** بجے سے شروع ہوتی ہیں۔زکورہ سرینگر میں بھی میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں ایک مجلس مولود کا انعقاد ہوا۔عید میلاد النبی ﷺ کی تقریب سعید **12** ربیع الاوّل یعنی **26** اگست کو منائی جائے گی۔دریں اثناء نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں تمام بقعہ جات میں معقول انتظامات کرنے کی اپیل کی ہے۔

خوجہ دگر

خانقاہ نقشبندیہ سرینگر میں کل خوجہ دگر کے سلسلے میں صبح سویرے سے ہی ختمات المعظمات اور ختم خواجگان کی مجالس آراستہ ہوں گی۔وہاں نماز عصر شام ساڑھے 5 بجے ادا کی جائے جس میں وادی کے اطراف سے آنے والے عقیدتمندوں کی شرکت متوقع ہے۔خوجہ دگر کے پیش نظر خانقاہ عالیہ میں آج نماز عشاء رات 10 بجے ادا کی جائے گی۔نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور نائب صدر اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے حضرت خواجہ نقشبندؒ کے عرس کے موقعے پر عوام کو مبارکباد دی ہے۔

رسم ورونمائی

ادارہ اوقاف وہاب کھار اور جے کے بوکس کی طرف سے آج شار پانپور میں ایک تقریب منعقد ہوئی جس دوران معروف صوفی بزرگ وہاب صاحب کھار کے مکمل صوفیانہ کلام پر مشتمل کتاب ''بیاضِ وہاب کھار'' کی رسم رونمائی انجام دی گئی۔ تقریب کی صدارت معروف براڈ کاسٹر اور شاعر ڈاکٹر ستیش ومل نے کی جبکہ اس موقعے پر ڈاکٹر جاوید احمد ڈار، کرشن لنگو اور ڈاکٹر غلام نبی حلیم بھی موجود تھے۔ مصنف مشتاق برق اور ان کی ٹیم کی کئی برسوں کی تحقیق کے بعد یہ کتاب ترتیب دی گئی ہے۔ اس موقعے پر گلوکار فیروز احمد شاہ اور غلام نبی آہنگر نے کلام وہاب کھار پیش کر کے صوفی بزرگ کو خراج عقیدت ادا کیا۔

ڈائریکٹر ہارٹیکلچر

ڈائریکٹر ہارٹیکلچر کشمیر وکاس آنند نے اسمبلی ممبر زینہ پورہ شوکت احمد گنائی اور چیف ہارٹیکلچر آفیسر شوپیان کے ہمراہ شوپیان کے ژالہ باری سے متاثرہ مختلف علاقوں کا دورہ کیا۔ انہوں نے ضلع کے کاپرن، پڑسو، کانجی اُلر، پری پورہ، من دھجن اور پندوشن سمیت دیگر علاقوں میں متاثرہ باغات کا معائینہ کیا۔ ڈائریکٹر موصوف نے باغ مالکان سے بات چیت کر کے انہیں ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں متعلقہ افسران کو فصلوں کے نقصان کا تخمینہ کے حوالے سے رپورٹ جلد تیار کرنے اور باغ مالکان کو فصلوں کے بہتر انتظام کیلئے ضروری رہنمائی فراہم کرنے ہدایت دی۔

اسلحہ

ضلع پونچھ کے بغلیہار علاقے میں سیکورٹی فورسز نے ایک مشتبہ ٹھکانے پر چھاپہ مار کر اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد برآمد کیا ہے۔ فوج کی **16** راشٹریہ رائفلز اور جموں کشمیر پولیس کے سپیشل آپریشنز گروپ نے علاقے میں یہ مشترکہ تلاشی کاروائی انجام دی۔ کاروائی کے دوران **6** بارودی سرنگیں، ایک **AK-47** رائفل اور **7** کارتوس برآمد کئے گئے ہیں۔

**NTA**

نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی **NTA** نے **UGC-NET** جون **2026** کے امتحان کے **84** مضامین کیلئے عارضی جوابی پرچے جاری کر دئے ہیں۔ **NTA** نے جوابی کلیدی پرچوں کو چیلینج کرنے کیلئے آن لائن

اعتراضات کی سہولیت بھی کھول دی ہے جو 18 اگست تک جاری رہے گی۔ NTA نے کہا ہے کہ ہر چیلنج کئے گئے سوال کیلئے 200 روپے پراسیسنگ فیس لاگو ہوگی تاہم امیدواروں کو ہر اعتراض کے ساتھ دستاویزی ثبوت بھی فراہم کرنا ہوگا۔ امیدواروں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ صرف NTA کی سرکاری ویب سائٹ اور تصدیق شدہ سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر شائع ہونے والی معلومات پر اعتماد کریں۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24 گھنٹوں کے دوران اکثر مقامات پر گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش کا امکان ہے۔ سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 31.3 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 19.1 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 34.1 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 25.1 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔ سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح 5 بجکر 53 منٹ اور غروب آفتاب شام 7 بجکر 17 منٹ پر ہوگا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔ خدا حافظ۔